# نظامت اعلیٰ زرعی اطلاعات پنجاب

## 21۔سر آغا خان سوئم روڈ لاہور

**Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com**

**www.facebook.com/AgriDepartment**

## پریس ریلیز

### <u>وزیر اعلیٰ پنجاب زرعی گریجویٹس انٹرن شپ پروگرام کے تحت درخواستوں کی وصولی میں توسیع</u>

لاہور:**03**اگست**2026**: ترجمان محکمہ زراعت پنجاب کے مطابق وزیر اعلیٰ پنجاب زرعی گریجویٹس انٹرن شپ پروگرام کے تحت نوجوان زرعی گریجویٹس سے درخواستوں کی وصولی کی آخری تاریخ30 جولائی2026 تھی جسے10 اگست 2026 تک بڑھا دیا گیا ہے۔اس ضمن میں ایسے زرعی گریجویٹس نوجوان جن کی بالائی عمر کی حد27 سال (درخواست کی آخری تاریخ تک) اور جن کی تعلیمی قابلیت کا معیار بی ایس سی (آنرز) ایگریکلچر ہو درخواست دینے کے اہل ہوں گے۔ترجمان محکمہ زراعت پنجاب نے مزید کہا ہے کہ اس پروگرام کے تحت1500 نوجوان زرعی گریجویٹس کی بھرتی کی جائے گی جن کو ماہانہ70 ہزار روپے وظیفہ دیا جائے گا۔خواہشمند نوجوان زرعی گریجویٹس درخواست فارم محکمہ زراعت پنجاب کی ویب سائٹwww.agripunjab.gov.pk سے ڈاؤن لوڈ کر سکتے ہیں یا متعلقہ ڈپٹی ڈائریکٹر زراعت (توسیع) یا اسسٹنٹ ڈائریکٹر زراعت (توسیع) کے دفتر سے حاصل کر سکتے ہیں۔شرائط وضوابط و دیگر تفصیلات درخواست فارم پر درج ہیں۔نوجوان زرعی گریجویٹس درخواست فارم مکمل کر کے **10** اگست **2026** تک متعلقہ ڈپٹی ڈائریکٹر زراعت (توسیع) کے دفتر میں جمع کرائیں۔یاد رہے،اس پروگرام کے تحت گزشتہ سالوں میں انٹرن شپ پروگرام سے مستفید ہونے والے انٹرنیز اہل نہ ہوں گے۔

☆☆☆☆